23/06/2025

09:25 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنیے۔

اقوام متحدہ

اقوام متحدہ کے جنرل سیکریٹر ی انٹونیو گوٹیرس نے ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر امریکی حملے کے پس منظر میں نیو یارک میں سلامتی کونسل کے ایک خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امن کی اپیل کی اور کشیدگی کو کم کرنے کیلئے جامع کوششیں کرنے کی ضرورت پر زور دیاہے۔

سائنس

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ایک نجی چینل کودیئے گئے انٹرویو میں کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت نے پچھلے 11برسوں میں تمام شعبوں میں نمایاں ترقی حاصل کی ہے۔ انہوننے کہا ۔

............Jatinder........

رانا

جل شکتی کے وزیرجاوید احمد رانا نے شوپیان ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں لوگوں کے مسائل کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے لوگوں کو یقین دلایاکہ اجا گر کئے گئے مسائل کوترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا۔

عمر عبداللہ

اور ٹیکنیشن منظور احمد Hitesh wali وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اپنی ڈیوٹی کے دوران بجلی محکمے کے جونیئر انجینئر ڈار کے جان بحق ہونے پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے ان ملازمین کی تن دہی اور لگن کی تعریف کیں۔

انتقال

جموں کشمیر پولیس کے تمام افسروں اور اہلکاروں نے اُجرو لنگیٹ کے رہنے والی ڈپٹی سپر انٹینڈنٹ آف پولیس عامر امین بٹ کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جموں کشمیر پولیس نے کہاکہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار کنبے کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑے ہیں۔

داخلہ

PG اعلیٰ تعلیم محکمے نے تمام ڈگری کالجوں اور جموں یونیوسٹی کیمپسز میں چار سالہ انڈر گریجویٹ اور انٹیگرٹیڈ پروگراموں کیلئے داخلے کا اعلان کیا ہے۔ اس حوالے سے جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

...........Aijaz Bashir.......

گرفتاری

منشیات کے خلاف جنگ کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے بارہمولہ اور گاندربل سے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کیا اور ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبھی بر آمد کی ہے۔ پولیس نے خواجہ باغ بارہمولہ سے شیر وانی کالونی بارہمولہ کے رئیس احمد خان اور گرٹہ بل گاندربل میں رنگل گاندربل کے جاوید احمد بٹ نامی ڈرگ سمگلروں کو دھر لیا۔

بڈگام

بڈگام کے ضلع ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں عملائی جا رہی پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ میٹنگ میں بتایاگیا کہ اسکیم کے تحت اب تک 211سسٹم نصب کئے گئے ہیں اور183مستفدین کے حق میں سبسڈی بھی جاری کی گئی ہے۔ ڈی سی نے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو اسکیم کے دائرے میں لانے کی ہدایات دیں۔

کپواڑہ

جموں کشمیر لائیو لی ہُڈ مشن ، کی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شُبھرا شرما نے کپواڑہ ضلع کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں مشن کے تحت ہاتھ میں لئے گئے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے کہاکہ کپواڑہ ضلع خواتین کو با اختیار بنانے اس پہل کو تقویت بخشنے میں ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔JKRLM کے تعلق سے آگے بڑھ رہا ہے اور

اننت ناگ

اننت نا گ کی مختلف پنچایتوں میں دھرتی آبا جن بھاگیہ داری ابھیان کے تحت متعدد بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔ان کیمپوں کے دوران قبائیلی طبقے کے لوگوں کو سرکار کی مختلف بہبودی اسکیموں کے بارے میں جانکاری دی گئی۔کیمپونکا یہ سلسلہ 30جون تک جاری رہے گا ۔

سکینہ

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کل دمحال ہانجی پورہ میں شہید ولی محمد ایتو میموریل کرکٹ ٹورنا منٹ کا آغاز کیا۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ موجودہ حکومت نوجوانوں کو کھیل کود کے شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کے مناسب مواقعے فراہم کرے گی۔

اطلاع

پروگرام شہر شہر منظر آکاشوانی سرینگر سے ہر جمعرات کو صبح ساڑھے نو بجے نشر ہوتا ہے ۔اگر آپ اپنے اپنے علاقونکے مسائل اس پروگرام کے ذریعے اجا گر کرنا کروانا چاہتے ہوں تو آپ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر0194-2452019پر کال کرکے اپنے مسائل ریکارڈ کرواسکتے ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت20اعشاریہ 9ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ